Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کا رانا ثناء اللہ کے بانی چیئر مین عمران خان سے متعلق بیان پر رد عمل

عوام کا مینڈیٹ غصب کرنے والے پاکستان میں سیاست کیلئے ایک بیماری اور وبال کی صورت اختیار کر چکے ہیں، ریاستی سرپرستی میں ملک پر قابض ہونے والے ذہنی طور پر بیمار افراد ملک کے سیاسی و سماجی ڈھانچہ کی تباہی و بربادی کا سبب بن رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

رانا ثناء اللہ اور ان کی جماعت کے ناقص سیاسی وجود کا تصور ریاستی سہولتکاری اور خفیہ معاہدوں جیسے سہاروں کا محتاج ہے، آمریت کی گود میں پروان چڑھنے والے عناصر سے ملک و قوم کے مفاد میں کسی بھی سطح پر گفتگو کا کوئی فائدہ نہیں، نہ صرف پاکستان بلکہ تمام مسلم امہ کے لیڈر عمران خان کے سیاسی وجود پر سوال اٹھانے والے شخص کی ذہنی حالت پر افسوس کے سوا کچھ نہیں کیا جا سکتا، ترجمان تحریک انصاف

جھوٹے مقدمات میں ناحق قید عمران خان جعلی مینڈیٹ زدہ عناصر کے اعصاب پر سوار ہے جس نے ان کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کو مفلوج کر دیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

ملک و قوم کے وسیع تر مفاد پر بات چیت کرنے کا اختیار صرف عوامی مینڈیٹ کے حامل منتخب نمائندوں کو ہی حاصل ہے نہ کہ مینڈیٹ چوروں کو، عوام 8 فروری کو عمران خان اور تحریک انصاف کو واضح طور پر بھاری مینڈیٹ سے نواز کر اصولی طور پر اپنا نمائندہ منتخب کر چکے ہیں،

عمران خان عوام کے مینڈیٹ کی علامت ہیں اور ان کی جماعت ملک میں دستور اور جمہوریت کی بقا کیلئے سرگرم عمل ہے، پاکستان تحریک انصاف ملک کی تباہی کے ذمہ دار مجرموں سے عوام کا مینڈیٹ واپس چھیننے تک اپنی آئینی جدوجہد جاری رکھے گی، مجرم رانا ثناء اللہ عمران خان کے خلاف ہرزہ سرائی سے گریز کریں اور اپنی جماعت کے اپاہج سیاسی وجود کو بچانے کی فکر کریں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ